ओ३म्

संक्षेप व्याख्यान वेद भाष्य भूमिका

उर्दू में

بہت مختصر خلاصہ وید بھاشیہ بھومکا کا اردو زبان میں

بابو متھرا داس صاحب سوپروائزر پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ جالندھر و ممبر

آریہ سماج نے

واسطے فائدہ اپنے آریہ بھائیوں کے جو ہندی بھاشا سے بالکل

ناواقف ہیں انتخاب کیا

BRIEF ABSTRACT

OF

VEDA BHASHYA BHUMIKA

IN URDOO.

[illegible]

PRINTED AT THE VICTORIA PRESS,

1882

दयानन्द

200

اشتہار

یہہ وید بہاشیہ بہومکا سنسکرت اور ناگری مین سری سوامی دیانند سرستی جیو مہاراج نے رچکر سارے آریاورت اور اَور ملکون مین پرسدہ کردی ہی مگر جو لوگ فارسی یا اردو پڑہی ہوئی مین اونکو اب تک اس نعمت عظمی کا فایدہ نہین پہونچا لہذا اوسکی چیدہ چیدہ مطالب بہت اختصار کی ساتہہ اس کمترین نے بحروف اردو لکہکر طبع کرائی ہین اگر کوئی مضمون اسکا میری بہول سے برخلاف اصلی کتاب وید بہاشیہ بہومکا کی پڑ جاوی تو وہ اصلی کتاب کی غلطی متصور نہو گی بلکہ میری غلطی یا بےسمجہی متصور کرنی چاہئے اور اصلی کتاب وید بہاشیہ بہومکا سے اوسکو سمجہ لینا یا صحیح کر لینا چاہئی

العبد

منتہرا داس سنتو پروا ایٹرز پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ ممبر
آریا سماج

اوںم

آریا سماج کے نیم یعنی اصول

(۱) سب ست ودّیا اور جو پدارتھ ودّیا سے جانے جاتے ہیں اُن سبکا مول آدی پرمیشر ہے۔

(۲) پرمیشر سچدانند سروپ۔ نراکار۔ سرب شکتیمان۔ نیاکاری دیالو۔ اجنما۔ اننت۔ نربکار۔ انادی۔ انوپم۔ سرب آدھار۔ سریشور۔ سرب بیاپک۔ سرب انتریامی۔ اجر۔ امر۔ ابھے۔ نت۔ پوتر۔ اور سرشٹی کرتا ہے اُسی کی اُپاسنا کرنی یوگ ہے۔

(۳) وید ست ودّیاؤں کا پستک ہے وید کا پڑھنا پڑھانا اور سننا سنانا آریوں کا پرم دھرم ہے۔

(۴) ست گرہن کرنے اور اَست کے چھوڑنے میں سرودا اُدّت

رہنا چاہئے۔

(۵) سب کام دہرمانوسار ارتھات سنت اور اسنت کو بچار کر کرنے چاہیئں۔

(۶) سنسار کا اپکار کرنا اس سماج کا مکھ ادیش ہے ارتھات شاریرک آتمک اور سماجک اونتی کرنا۔

(۷) سب سے پریتی پوروک۔ دہرمانوسار۔ یتھایوگ۔ برتنا چاہیے۔

(۸) اودیا کا ناش اور ودیا کی بردھی کرنی چاہیے۔

(۹) ہر ایک کو اپنی ہی اونتی سے سنتشٹ نہ رہنا چاہیے۔ کنتو سب کی اونتی میں اپنی اونتی سمجھنی چاہیے۔

(۱۰) سب منشیوں کو سماجک سرب ہتکاری نیم پالنے میں پرتنتر رہنا چاہیے۔ اور پرتیک ہتکاری نیم میں سب سوتنتر رہیں۔

سماپت ہوا

اُدنگ نمہ

ہے سرب شکتیمان ہے پرمیشر آپکی کرپا رکشا اور سہائے سے
ہم لوگ پرسپر ایک دوسرے کو رکشا کریں اور ہم لوگ پرم پریت
سے ملکر سب سے اُتم ایشرج ارتھات چکرورتی راج آدی
سامگری سے آنند کو آپکے انوگرہ سے سدا بھوگیں۔ ہے کرپانِدھے
آپکی سہائتا سے ہم لوگ ایک دوسرے کے سامرتھ کو
پورشارتھ سے سدا بڑھاتے رہیں۔ ہے پرکاشمے! ہم سب
بدّیا کے دینے والے پرمیشر آپ کے سامرتھ سے ہی ہم لوگوں
کا پڑھا پڑھایا سب سنسار میں پرکاش کو پراپت ہووے اور
ہماری بدّیا سدا بڑھتی رہے۔ ہے پریتی کے اُتپادک آپ

اپنی کرپا کیجیے کہ جس سے ہم لوگ پرسپر بیر دویش کبھی نہ کریں۔ کنتو ایک دوسرے کے متر ہو کے سدا برتیں۔ ہے بھگوان آپ کی کرپا سے ہم لوگوں کے تین تاپ (۱) جو آدھی روگ (۲) جو دکھ دوسرے پرانیوں سے ہوتا ہے (۳) جو کہ من اور اندریوں کے بکار شدہ اور چنچل تا سے کلیش ہوتا ہے ان تینوں تاپوں کو آپ نوارن کیجیے۔

ہے ست سروپ ہے بگیان مئے ہے سدا انند سروپ۔ ہے اننت سامرتھ یکت ہے پرم کرپالو ہے اننت بدیا مئے ہو بگیان بدیا پر دپرمیشر آپ سوریہ آدھی سب جگت کا اور بدیا کا پرکاش کرنے والے ہو تتھا سب آنندوں کے دینے والے ہو۔ ہے سرب جگت اوتپادک سرب شکتیمان آپ سب جگت کو اوتپن کرنے والے ہو۔ ہمارے سب دکھوں اور دشٹ گنوں کو کرپا سے آپ دور کیجیے اور دونوں کا

کا سُکھ یعنی لاکٹ جیکر ورتی راج اشٹ متر وہن پُتر استری اور شریر سے اُتم سُکھ کا ہونا، دوسرا موکش سُکھ یہ دونو سُکھ ہمارے لئے پراپت کیجئے۔ جو پرمیشر بہوبہو شتابر تمام کال میں جو کچھ ہوتا ہے اُن سب ہونہار وں کو وہ جتھارتھ جانتا ہے اور سب پدارتھوں کا سوامی ہے۔ اور جو موکش اور ہونہار سُکھ کا بھی دینے والا ہے سب سے بڑا سامرتھ وان برہم جو پرماتما ہے اُسکو اتینت پریم سے ہمارا نمسکار ہووا جو کہ سب کالوں کے اوپر براجمان جسکو لیش ماتر بھی دکھ نہیں ہوتا اُس آنند گھن پرمیشر کو ہمارا نمسکار ہو جسنے پرتھوی کو اپنی سرشٹی میں یاد استہانی اور انترکش کو اُوردہستہانی اور پرکاش کرنے والے پدارتھوں کو سب کے اوپر تک استہانی اتہا جو پرتھوی سے لیکر سورج لوک تک سب جگت کو رچکر شہیر بیایک ہوکے جگت کے سب اوینوں میں لو رہا ہے کہ سکو دہارن

کر رہا ہے اُس پربرہم کو ہمارا نمشکار ہو جسنے نِشتر استہانی
چندرماں اور سورج کو کلپ کلپ کے آدی میں نیا نیا رچا
ہے اور جسنے جگہ استہانی اگنی کو اُتپن کیا ہے اسی برہم
کو ہمارا نمشکار ہو اور برہمانڈ کے بایو کو پران اور اپان
کیطرح کیا ہے اور پرکاش کرنیوالی کرن جکشو کیطرح بنائی ہیں جسنے
دس دشاؤں کو بھی سب بیوہاروں کو سدہی کرنے والی بنائی
ہیں ایسا جو انینت بدیا یوکت پرماتما سب منشوں کا اشٹ
دیو ہے اُس برہم کو نِرنتر ہمارا نمشکار ہو وے ٭

پہلا ادھیائے ویدونکی اُتپتی میں

ست جسکا کبھی ناش نہیں ہوتا۔ چت جو سدا گیان سروپ
ہے اور آنند جو سدا سکھ روپ اور سبکو سکھ دینے والا ہے
ایسے لکشنوں والا جو سب جگہ میں پری پورن ہو رہا ہے جو

سب منشوں کو اوپاسنا جوگ ہشٹ دیوا اور سب سامرتھ سے یوکت
ہے اُسی پربرہم سے رگھ وید۔ یجُر وید۔ شام وید۔ اتھر وید
یہہ چاروں وید اوتپن ہوئے ہیں اسلئے سب منشوں کو اوچت
ہے کہ وید کو گرہن اور وید وکت ریت سے ہی چلیں جیسے
منش کے شریر میں سوانس باہر کو آکر پھر بھیتر کو جاتے ہیں
ایسی پرکار سرشٹی کی آدی میں ایشر ویدوں کو اوتپن کر کے
سنسار میں پرکاش کرتا ہے پرلے میں وید سنسار میں نہیں
رہتے پرنتو اُسکے گیان کے بھیتر وے سدا بنے رہتے ہیں
جیسے بیج میں انگر پہلے ہی رہتا ہے اور برکش روپ ہو
کر پھر بھی بیج کے بھیتر ہی رہتا ہے اسی پرکار وید بھی ایشر
کے گیان میں سب دن بنے رہتے ہیں انکا ناش کبھی نہیں
ہوتا کیونکہ وہ ایشر کی ودیا ہے اسلئے انکو نت سے ہی جاننا
چاہیے ۔۔

سوال۔ بعض منش ایسا کہتے ہیں کہ بنا آنکھ اور پران کی پرمیشر شبد روپ ویدوں کو کیسے رچ سکتا ہے؟

جواب۔ پرمیشر سرب شکتیمان ہے جیسے اُسنے بنا ہاتھ پانوں اور آنکھوں کے جگت کو رچا ہے ویسے ہی اپنی اننت سامرتھ سے وید کو رچ دیا منش اگرچہ سرد کھ نہیں انگ کھ ہے مگر وہ بھی من میں گیان دوار آنکھ کے بنا پرشن اوتر کر سکتا ہے تو پرمیشر کا گیان دوارا ویدوں کا رچنا کیا اسمبھو ہے جیسے بنا پڑھائے اور سکھلائے کوئی منش بن میں رہکر گیان اور ودیا نہیں سیکھ سکتا ہے اسیطرح بنا پرمیشر کے اودیش کے منش کو کیسے گیان ہوتا؟

سوال۔ ایشر نے منشوں کو سبھاوک گیان دیا ہے سو سب گرنتھوں سے اتم ہے کیونکہ اُس سبھاوک گیان کو بنا ویدوں کے شبدارتھ اور سمبندھ کا گیان کبھی نہیں ہو سکتا

جب اُس گیان کی بردہی ہوگی تب منش بدیا پوستکوں کو بہی رچ لیوینگے

جواب ۔ اگر ایک بالک کو بن میں چھوڑ کہانا پینا تو دیا جاوے
اور ساری عمر بات چیت نکیجاوے تو اُسکو کچھہ بہی گیان بولنے اور
ارتھہ سمجھنے کا نہوگا اور پشوکے سمان ہوگا اب تبلاؤ سبہاوِک
کرم ہو کیا لابھہ ہوا اسلئے بنا پرمیشر کے اوپدیش کے کسی منش
کو گیان نہیں ہوسکتا تہا جیسے ہم لوگ بنا پڑھے پڑھائے کچھہ بہی
نہیں جانتے ایسے ہی سرشٹی کے آدی میں بہی پرماتما جو ویدوں
کا اوپدیش نکرتا تو آجتک کسی منش کو دہرم آدی پدارتھوں
کی بدیا نہوتی پیش. ت ہوا کہ بدیا دانوں کی شکشا اور وید پڑھنے
بنا کیول سبہاوِک گیان سے کسی منش کو کچھہ بہی گیان نہیں
ہوسکتا تہا اور جو یہ کہا کہ اپنا گیان سب وید ادی گرنتھوں سے سریشٹہ
ہے سو ٹہیک نہیں کیونکہ وہ سبہاوِک گیان سادہن کوٹی میں ہے
جیسے من کے بغیر آنکھہ سے کچھہ بہی دیکھہ نہیں پڑتا اور آتما کے سنجوگ

کے بنا من سے بھی کچھ نہیں ہوتا ویسے ہی مبھاوک گیان سے
بنا شکشا کے کچھ نہیں بن سکتا اور پشوؤں کے سمان ہوتا ہے
کا بھی ساودھک ہے مگر دھرم ارتھ کام موکش کا سادھن بنا شکشا کے نہیں
کر سکتا ہے۔

سوال۔ وید وں کے اوتپن کرنے میں پرمیشر کا کیا پریوجن ہے اگر پرمیشر
انتت بدیا ہے یا نہیں اور پرمیشر پراوپکاری ہے یا نہیں۔

جواب۔ اپنے لئے بھی جس سے سب پدارتھوں کا رچنا اور
جاننا ہو سکتا ہے اور ہم جیوؤں کے کلیان کے لئے بھی ہے اور
پرمیشر میں انتت بدیا ہے۔

سوال۔ بدیا سوارتھ پرمارتھ دونوں کے لئے ہوتی ہے۔

جواب۔ ہاں پرمیشر نے اپنی وید بدیا کا ہم لوگوں کو اوپدیش
کر کے سپھلتا شدھ کری ہے جیسے ماں باپ اپنے بچوں کو
شکشا کر کے آنند کرتے ہیں ایسے ہی پرمیشر نے ساری جگت کے

جیوؤں کی سہایتا اور تشکش کے لئے ویدودیا پرگھٹ کی ہے اگر وید کا اوپدیش نہ کرتا تو دہرم ارتھ کی سدہی جتھارتھ کبھی نہوتی جیسے پرم کرپالو ایشور نے پرجا کے سکھ کے لئے کند مول اور گہاس آوی چھوٹے بڑے پدارتھ بہی رچے ہیں تو سب سکھوں کی پرکاش کرنیوالی ویدودیا کا اوپدیش پرجا کے سکھہ کے لئے کیوں نہ کرتا کیونکہ جتنے برہمانڈ میں اوتم پدارتھ ہیں اُن کی پراپتی سے جتنا سکھہ ہوتا ہے سو ودیا پراپتی کے آگے ہزارویں حصہ کے برابر بھی نہیں ہو سکتا۔

سوال۔ بنا سیاہی قلم اور کاغذ کے ایشر نے ویدوں کو کس طرح لکھا ہو گا۔

جواب۔ پرمیشر نے ویدوں کو پوستکوں میں لکھہ کر سرشٹی کے آدمیں پرکاشت نہیں کیا مگر۔ اگنی۔ وایو۔ آدت۔ انگرا رشیوں کو گیان دوارا اوپدیش کیا تھا ان چاروں رشیوں کے گیان کے بیچ میں ویدوں کا پرکاش کر کے اُن سے برہما آدی

کے گیان کی تین پرکاش کرایا تہا اُنکو پرمیشر نے گیان دیا تہا اُنہوں
نے ویدوں کو رچا مگر وہ گیان ایشر ہی کا تہا ॥
سوال :- پرمیشر تو نیائے کاری ہے اُسنے سب منشوں کے ہردے
میں وید کا پرکاش کیوں نہ کیا ॥
جواب :- نیائے اسکو کہتے ہیں کہ جو جیسے کرم کرے اُسکو ویسا
ہی پھل دیا جاوے ان چاروں رشیوں کا ایسا پورب پن تہا
کہ اُنکے ہردیہ میں ویدوں کا پرکاش کیا گیا ॥
سوال :- وہی چاروں منش تو سرشٹی کے آدی میں اوتپن
ہوئے تہے اُنکا پورب پن کہاں سے آیا ॥
جواب :- جیو اور جیووں کے کرم اور استہول کا بیج جگت
یہ تینوں انادی ہیں یعنی جیو اور کارن جگت سرشٹی سے پہلے انادی
میں استہول کا بیج جگت پرواہ سے انادی ہیں اسلیے کرم انکو نت ہی تہے ॥
سوال :- ویدوں کی اوتپتی میں کتنے برس ہوگئے ॥

جواب۔ ۱۹۶۰۸۵۲۹۸۲ برس تن برجگت اور وید دن کی

اوتپتی میں ہوگئے ہیں ٭

سوال۔ یہہ کیسے نشچہ ہو کر اتنے برس وید اور جگت کی اوتپتی

میں بیت گئے ٭

جواب۔ یہہ جو ورتمان سرشٹی ہے اس میں ساتویں ویوسوت

منو کا ورتمان ہے اس سے پہلے چھہ منونتر ہو چکے ہیں

سوایمبھو۔ سوارو چس۔ اوتم۔ تامس۔ رَیوت۔ چاکشش

चाक्षुष रैवत तामस औत्तम स्वारोचिष स्वायंभव

یہہ چھہ تو بیت گئے ہیں اور ساتواں ویوسوت بیت رہا

ہے اور ساورنی آدی سات منونتر آگے بہوگیں گے

वैवस्वत

یہہ سب منونتر ملکر ۱۴ ہوتے ہیں اور ایک منونتر میں

۷۱ چترجگی ہوتی ہیں اس پرکار ست جگ۔ دواپر

۱۲۹۶۰۰۰

تریتا۔ کلجگ آریوں نے ایک پل سے لیکر برس

۸۶۴۰۰۰ ۴۳۲۰۰۰

تک سنگیا باندھی ہے مجموعہ چترجگی کے برسوں کا ۷۱ لاکھ
۷۱ ہزار برس مجموعہ ۷۱ جگی یا منونتر کا ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ برس
کا مجموعہ چھ منونتر کا ایک ارب ۸۴ کروڑ
۳ لاکھ ۲۰ ہزار برس کا ہوا اور ساتویں منونتر کے بھوگ
میں یہ ۲۸ چترجگی ہے اس چترجگی میں کلجگ کو ۴۹۸۴ برسوں
کا تو بھوگ ہوچکا ہے اور باقی ۴۲۷۰۱۶ برس باقی ہیں۔ یعنے
۴۹۸۴ برس ہوئے ابھی ویسوت منو کے بھوگت ہوچکے ہیں اور ۱۹۶۱۸۷۰۱۶
برس باقی رہے ہیں ایکہزار ایسی ایسی چترجگی یا ۱۴ منونتر کا ایک
برہما کا دن اور اسیقدر برہما کی رات باندھی ہے۔ دن نام
سرشٹی کی اتپتی سے شروع ہوکر پرلے تک رات نام پرلے سے
لیکر پھر اتپتی تک گنی جاتی ہے اور برتمان سرشٹی یا ویدکی
اتپتی کو ۱۹۶۰۸۵۲۹۸۴ برس ہوچکے ہیں اور ۲۳۳۳۲۲۷۰۱۶ برس
باقی ہیں اسی پرکار سنکھیات منونتروں میں کہ جنکی سنگیا

نہیں ہو سکتی انیک بار سرشٹی ہو چکی ہے اور انیک بار ہو دیگی سو
اِس سرشٹی کو سدا سے سرب شکتیان جگدیشر سبھ بھاؤ سے
رچنا پالن اور پرلے کرتا ہے اور سدا ایسے ہی کریگا اور سرشٹی
کا سبھاؤ نیا اور پورانا بر ایک منونتر میں بدلتا جاتا ہے اسی
لئے منونتر سنگیا باندہی ہے سرشٹی کے آدی سے آریہ لوگ
برس - رتو - ماس - پکش - دن - نچھتر - مہورت - لگن اور
پل - آدی سمے کا بہلانا اور حساب کرنا اور پوستکوں میں
انکا لیکھہ کرتے چلے آئے ہیں اور ایک پل کا کبھی فرق نہیں پڑا
یہہ پورب کال کا پرمان سب کو معلوم رہے تاکہ سرشٹی
کی اوتپتی پرلے اور ویدوں کی اوتپتی کے برسوں کی گنتی
میں کسی پرکار کا بھرم کسیکو نہو اگرچہ اس اوتم بیوہار کو
لوگوں نے ٹکا کمانے کے لئے بگاڑ رکھا ہے تو بھی پوستک
بیوہار کو بنا رکھا نشٹ نہونے دیا - اب چاروں جگوں کے

بھید اور انکے برسوں کی گہت و بڑھ شنگیا پوری ہوئی اسکی
بیا کہا آگے کرینگے وہاں دیکھ لینا چاہیے۔ جو ونس صاحب
میکس مولر صاحب نے ویداوتپتی نش چیت اور انکے برسوں
کی شنگیا ۳۰۰۰ یا ۴۰۰۰ ہزار برس تبلائی ہے یہہ بات جھوٹھ
ہے اُنہوں نے آرج لوگوں کی سب پوشنگیں نہیں پڑھی
ہیں۔ انکو یہہ بھرم کبھی نہوتا جبتک ہزار جنم لگی پوری نہو جائیں
جبتک یہہ ایشور وکت آور ہم سب مُکش لوگ ایشر کے انوگرہ
سے سدا برتمان رہینگے ۔۔

اب ویدوں کی نِت نت کا بچار کیا جاتا ہے ۔۔

وید ایشر ستواد تین ہوئے ہیں اُس سے وے سُتہ نِت سُروپ
ہی ہیں کیونکہ ایشر کا سب سامرتھ نِت ہی ہے ۔۔
سوال ۔ ویدوں میں شبد چہند پد اور باکوں کے جوگ ہونے

سے ویدنت نہیں ہو سکتے۔ جیسے گھڑا بنا بنائے کے نہیں بن سکتا۔ اسیطرح ویدوں کو بہی کسی نے بنایا ہوگا ۔۔

جواب ۔ شبد دو پرکار کا ہوتا ہے نتّ ۔ کاریہ انمیں سے جو شبد ارتھ اور سمبندھ پرمیشر کے گیان میں ہیں وے نتّ اور جو لوگوں کی کلپنا سے اوتپن ہوتے ہیں وہ کاریہ ہوتے ہیں کیونکہ جسکا گیان اور کریا سبہاؤ سے شدھ اور انادی ہے اُسکا سب سامرتھ بہی نتّ ہوتا ہے ۔ وید ایشر کی ودّیا سروپ ہونے سے انت کبہی نہیں ہو سکتے ۔۔

سوال ۔ جب جگت کے پرمانوں الگ الگ ہوکر کارن روپ ہو جاتے ہیں تب کاریہ روپ استہول جگت کا بہی بہاؤ ہو جاتا ہے تب ویدوں کی پستک کا بہی ابہاؤ ہو جاتا ہے پہر انکو نتّ کیوں مانتے ہو ۔۔

جواب ۔ یہہ بات نسبت کاغذ سیاہی اور پوستک کے تو ٹہیک

ہے یعنی کاغذوں پر لکھنا ہی منشوں کی کریا یا عمل ہے ۔ سو
تو انت ہے وید تو شبد ارتھ اور سمبندھ سروپ ہی ہیں اور یہ
ایشر کے گیان میں سدا بنے رہنے سے جو لوگ ویدوں کو نت مانتے
ہیں وہی ٹھیک انکے سمان ایشر کے گیان میں سدا ہی بنے
رہتے ہیں جیسے اس کلپ کی سرشٹی میں شبد اکشر ارتھ اور
سمبندھ ویدوں میں ہیں اسی پرکار پوروب کلپ میں بھی تھے
اور آگے بھی ہونگے ایشر کی ودیا یعنی گیان ایک رس بنی
رہتی ہے ۔ کیونکہ شبد ہی ودیا کا مول ہیں جب شبد نت ہیں
تو ان شبدوں میں جتنے اکشروں کا جوگ ہے انکا ناش بھی
کبھو نہیں ہوتا ۔ اسلئے جتنے وید کے شبد ہیں وے بھی نت
اوناشی اور اچل ہیں ॥

سوال ۔ شبد اوچارن کے پیچھے اور اوچارن سے پہلے
سنا نہیں جاتا ہے اور اوچارن کرنا انت ہے اسلئے شبد بھی انت

ہو سکتے ہیں پھر شبدوں کو نت کیوں مانتے ہو؟

جواب۔ شبد تو اکاش کیطرح سب جگہہ ایک رس بھرے ہیں پرنتو جب اوچارن کریا نہیں ہوتی تب وے ٹھیک سُنّنے میں نہیں آتے جب پران اور بانی کی کریا سے اوچارن کئے جاتے یعنی بولے جاتے ہیں تب شبد پرسدہ ہوتے ہیں بانی کی کریا کی اوتپتی اور ناش تو ہوتا ہے مگر شبدوں کا نہیں۔ مگر جبتک بایو اور باک اندریہ کی کریا نہیں ہوتی تبتک شبدوں کا اوچارن اور شرون نہیں ہوتا اوچارن کریا سے جو شبد کا اوچارن ہوتا ہے سو ارتھ کے جاننے ہی کے لئے ہی پھر اسی شبد سے ارتھ کی پرتیت ہوتی ہے جو شبد انت ہوتا تو ارتھ کا گیان کون کراتا۔

اسی پرکار شیمشک شاستر میں کنادمنی نے بھی ویدوں کو ایشروکت سب بدیا والاکیش پات رہت کہا ہے۔ ایسا ہی سبا

گنتھوں کو ماننا اوچت ہو اگیشر نت ہو اسلیئے اُس کی بدّیا بھی نت ہو نیائے شاشتر میں گوتم منی بھی شبد کو نت کہتے ہیں۔ اسلیئے ویدوں کو نت ہی ماننا چاہیے کیونکہ سرشٹی کے شروع سے آجتک برہما آدی جتنے آپت ہوتے آئے ہیں وے سب ویدوں کو نت ہی مانتے ہیں انکی آپتوں کا آدیشیہ یعنی ضرور ہی برمان کرنا چاہیے کیونکہ آپت لوگ وے ہی ہوتے ہیں جو دہرماتما کپٹ چہل آدی دوشوں سے رہت سب بدّیاؤں سے یوکت مہاجوگی اور سب منشوں کے سکھ کے لیٔے ست کا اوپدیش کرنیوالے ہیں انکے اوپدیش میں ذرا بھی پکش پات یا متھیاچار نہیں ہوتا انہوں نے ویدوں کا جتھارتھ نت گنوں سے پرمان کیا ہے جو گ شاشتر کے کرتا پتنجلی منی بھی ویدوں کو نت مانتے ہیں۔ جتنے منش ہوئے ہیں یا ہونگے سب کا گرو پرمیشر ہے۔ کیونکہ وید دوارا ست ارتھوں کے اوپدیش کرنے سے پرمیشر کا نام گرو ہے سو پرمیشر نت ہی ہے۔ اور

وہ اودّیا آدی کلیشوں تہتھا پاپ کرم اور اون کی باشناؤں
کے بہوگ سے الگ ہے جسمیں اننت گیان سدا ایک رس
بنا رہتا ہے اِسلیئے اُسکے رچے ویدوں کا بہی ستہبارتھ ہنا
اور نت ہنا بہی نشچے ہے سانگہہ شاستر میں کپل اچارج بہی کہتے
ہیں کہ پرمیشر کی سبہاوک جو یہ پا شکتی ہے اُسکے پرگہٹ ہونے سے
ویدوں کو نت اور سُتہ پرمان ماننا چاہیئے۔ ویدوں کے نت
ہونیمیں سب آپت لوگوں کی شاکشی ہے کیونکہ ایشر نت اور
سروگیہ ہے اُسکے کہی وید بہی نت اور سروگیہ ہونیکے جوگ ہیں اور
اپنی ہی پرمان سے نت سدّھ ہیں جیسے سورج کے پرکاش میں
سورج کا ہی پرمان ہے ویسے وید بہی سوم پرکاش ہیں اور سب
ستیہ ودیاؤں کو بہی پرکاش کر رہے ہیں۔ نیائے سے بہی ویدوں
کا نت ہونا ثابت ہوتا ہے:۔

دیکھو جسکا مول نہیں ہوتا ہے اُسکی ڈالی پتر پُشپ اور پہل

لادسی بنتی کبھی نہیں ہوسکتی جب ایشر میں اننت بدیا ہے
تب ہی منشوں کو بدیا کا اوپدیش بھی کیا ہو اور جو ایشر میں اننت
بدیا نہوتی تو وہ اوپدیش کیسے کر سکتا اور جگت کو کیسے رچ
سکتا جو ایشر منشوں کو اپنی بدیا کا اوپدیش نہ کرتا تو کبھی منش
بکو بدیا جو جتہارتھ گیان ہے نہوتی (نرمول کا ہونا یا بڑھنا)
(یا عقیم عورت کے بیٹا پیدا ہونا محال ہے) دوسری مثال کو
دیکھو کہ جسکا جیسا اتو بہو ہوتا ہے اسی کا گیان میں سنسکار
بھی ہوتا ہے اور سنسکار سے سمرن اور سمرن سے اشٹ میں ورتی
اور انشٹ سے نورتی ہوتی ہے یعنی جو سنسکرت بھاکا کو پڑھتا ہے اسکے
ذہن میں اسی کا سنسکار ہوتا ہے اور جو کسی ویش بھاکا کو
پڑھتا ہے اسکو اس ویش کی بھاکا کا سنسکار ہوتا ہے جو
ایشر ویدوں کا اوپدیش نکرتا تو کسی منش کو بدیا کا سنسکار
نہوتا جو سنسکار نہوتا تو سمرن بھی نہوتا اور بنا پڑھنے اور

منشیہ ودّیا کے منش اگیانی ہی رہتے ہیں۔

سوال منشوں کے سبھاؤ کی چیشٹا ہے اُس میں سکھ اور دکھ کا انوبھو بھی ہوتا ہے اُسی سے اُتّر کال میں کرموں کے انوسار ودّیا کی پردہی بھی ضرور ہوگی تب ویدوں کو بھی منشیہ لوگ بنا لیویں گے پھر چھ کیوں مانتے ہو کہ ایشور نے وید رچے۔

جواب - اُسکا سمادھان وید اُتپتی کے پرکرن میں کر دیا ہی جیسے اُسوقت میں ودّیا وانوں سے پڑھنے بنا کوئی ودّیاوان نہیں ہوتا اور نہ اُنکو گیان کی ترقی دیکھنے میں آتی ہے ویسے ہی سرشٹی کے شروع میں ایشور اُپدیش کے پڑھنے کو بنا کسی منش کی ودّیا اور گیان کی ترقی بھی ناممکن تھی۔ چنانچہ ہمیں بن باسیوں کا درشٹانت پہلے دیچکے ہیں کہ جیسے اُس بالک اور بن میں رہنے والے منش کو جتارتھ ودّیا کا گیان نہیں

ہو سکتا۔ یعنی جس حالتمیں اودیا کے بنا انکو لوگ بیوہار کا بہی گیان نہیں ہو سکتا تو پہر برہم ودیا کی پراپتی تو بہت ہی مشکل ہے اس سے کیا جاننا چاہیے کہ پرمیشور کے اودیا یعنی وید بدیا کے پڑہنے سے ہی منشوں کو بدیا اور گیان کی ترقی کرنی سہج ہوئی ہے کیونکہ اُسکے سبہی گن ست ہیں اسلئے اُسکی وید بدیا بہی نت اور ست ہی ہی جو نت بستو ہو اُسکے نام گن کرم بہی نت ہی ہوتے ہیں کیونکہ اونکا آدہار نت ہو اور بنا آدہار کے نام آدی استہتر نہیں ہو سکتے جو انت بستو ہو اُسکے نام گن اور کرم بہی انت ہوتے ہیں نت اُسکو کہنا چاہیے کہ جو اوتپتی اور بناش سے علیحدہ ہو اور اوتپتی وہ کہلاتی ہو کہ جو انیک دربہوں کے سنجوگ سے استہول پدارتہ ہو جاوے اور بناش اُسکو کہتے ہیں کہ جب استہول پدارتہ دربہوں سے علیحدہ ہو کر پرمانو روپ ہو جاویں اور جو دربہہ سنجوگ سے استہول ہو جاتے ہیں وہ

آنکهه وغیره اندریوں سے دیکھنے میں آتے ہیں پہر جب اُن استہول
درپہوں کو پرمانوؤں کا بیوگ ہوجاتا ہے تب اتینت سوکشم
ہونے پر دیکھہ نہیں پڑتے جسکا نام ناش ہے کیونکہ جو دیکھہ
نہ پڑے اُسیکو ناش کہتے ہیں جو درپہہ سنجوگ اور بیوگ سے
اوتپن یا نشٹ ہوتا ہے اُسیکو کاریج اور انت کہتے ہیں جو سنجوک
اور بیوک سے الگ ہیں اُنکی نہ تو کبہی اوتپتی اور نہ کبہی ناش
ہوتا ہے اِس پرکار کا بیار تھ ایک پرمیشر اور دوسرا جگت کا کارن
ہے کیونکہ وہ سدا اکھنڈ ایک رس ہی بنا رہتا ہے جو ستّوم کا سن
روپ ہو اُسی کو نت کہتے ہیں کیونکہ جو جو سنجوگ سے اوتپن
ہوتا ہے سو تو بنانے والے کی ضرورت رکہتا ہے جیسے کرم نیم
کاریج یہہ سب کرتا نیمتّا اور کارن ہی کو سدا چاہتے ہیں جو
ایسا کہیں کہ کرتا کو بہی کسی نے بنایا ہوگا تو اُس کرتا کے کرتا
کا بہی بنانیوالا چاہیے۔ اسلئے یہہ پرسنگ مرجاد ارہت ہوجاتا

بنے اور جسکی مرجاد انہیں ہو وہ بیوستھا یعنی قاعدہ کے جوگ
نہیں ٹھہر سکتا جو خود سنجوگ سے اوتپن ہوتا ہے اور پرکیرتی
اور پرمانو آدی کے سنجوگ کر نیمیں سمرتھ بھی نہیں ہوتا اس سے
پھر سدھ ہوا کہ جو جس سے سوکشم ہوتا ہے وہی اُسکا آتما ہوتا
ہے اور تہارت استھول میں سوکشم بیاپک ہوتا ہے جیسے لوہے
میں اگنی پروشٹ ہوکے اُس کی اویبوں میں بیاپت ہوتی
ہے اور جیسے جل پرتھوی میں پروشٹ ہوکر اُسکے کنوں
کے سنجوگ سے سید اکرنے میں متو ہوتا ہے تہتہا اُسکا چھیدن
بھی کرتا ہے ویسے ہی پرمیشر سنجوگ اور بیوگ سے پرتھک
ہے جس میں بیاپک پرکیرتی اور پرمانو آدی سے بھی اننت
سوکشم اور چیتن ہے اسی کارن سے پرکیرتی اور پرمانو آدی
پدارتھوں کو سنجوگ کرکے جگت کو رچ سکتا ہے جو اُنسے
استھول ہوتا تو اُنکو گرہن اور رچن کبھی نہ کرسکتا کیونکہ

جو استھول پدارتھ ہوتے ہیں وہی سوکشم پدارتھوں کے نیم کرنے
میں سمرتھ نہیں ہوتے جیسے ہم لوگ پرکیرتی اور پرمانو آدمی کے
سنجوگ ور بیوگ کرنے میں سمرتھ نہیں ہیں کیونکہ جو سنجوگ اور
بیوگ کو بہیتر ہو وہ اسکے سنجوگ بیوگ کرنے میں سمرتھ نہیں ہو سکتا
تتھا جس لتو میں سنجوگ اور بیوگ کا آرنبھ ہوتا ہے وہ لتو
سنجوگ بیوگ سے الگ ہی ہوتا ہے کیونکہ وہ سنجوگ اور بیوگ
کے آرنبھ کے نیموں کا کرتا اور آدمی کارن ہوتا ہے تتھا آدمی
کارن کے ابھاؤ سے سنجوگ اور بیوگ کا ہونا بھی اسمبھو ہے۔ اس
سے کیا جاننا چاہئے کہ جو سدا نراکار سروپ اج انادی نِت
مُکت سامرتھ سے یوکت اور آچنت بدیا والا ایشر ہے اسکی
بدیا سے ویدوں کے پرگھٹ ہونے اور اسکے گیان میں ویدوں
کے سدیو برتمان رہنے سے ویدوں کو ستیارتھ یوکت اور نِت
سب منشوں کو ماننا جوگ ہے اب یہہ بات بیان کیجاتی ہے

کہ ویدوں میں کون کون لکھہ کس کس پرکار کے ہیں اگرچہ
ویدوں میں انیک پرکار کے لکھہ ہیں مگر چار لکھہ تو مکہہ ہیں ۱۔
مکیان ۲۔ کرم ۳۔ اوپاسنا ۴۔ گیان۔ باجکیان اسکو کہتے ہیں
کہ جو کرم اوپاسنا گیان ان تینوں سے اوپیوگ لینا اور پرمیشر
سے لیکر پرتھوی تک پدارتھوں کا ساکشات بوده ہوتا اور ان سے
اوپیوگ کا لینا یہ لکھہ ان چار ونمیں پرد مان ہے پرمیشر کا تات
پرج بہی ویدوں کے جنہ سے دو پرکار کا ہے ایک تو پرمیشر کا جہار تھ
گیان اور اسکی اگیا کا پالن کرنا دوسرا یہہ کہ اسکے رچے ہوئے
پدارتھوں کے گنوں کو جتہارتھ بچار کے انسے کارج سدہ کرنا اور
اور یہہ بہی جاننا کہ ایشر نے کون کون پدارتھ کس کس پریوجن
کے لئے رچے ہیں انہیں پرمیشر کا جاننا اور اسکی آگیا کے انوسار چلنا
پردھان ہے ویدمیں دو ودیا ہیں اپرا۔ پرا۔ اپرا یہہ ہے کہ
پرتھوی کا لاترن سے لیکر پرکرتی تک پدارتھوں کے گنوں کے

گیان سو ٹھیک ٹھیک بج سدھ کرنا۔ پراجن سے سرب شکتیمان
برہم کی پراپتی کرنا یہہ پرا اپرا سے اتینت اُتم ہے۔ پرمیشر کا
ہی اونکار نام ہے اسی کی پراپتی کرانے میں وید پرورت ہوئے
ہیں اسکی پراپتی کے آگے کسی پدارتھ کی پراپتی اُتم نہیں ہے
جگت کا برنن درشٹانت او پے لوگ آدی کا کرنا یہہ سب پربرہم
کو ہی ظاہر کرتے میں ست دہرم کا انوشٹھان جسکو تپ کہتے ہیں
وہ بھی پرمیشر کی پراپتی کے لئے ہے تتھا برہمچاری گرہست
بان پرست سنیاس آشرم کے ست آچرن روپ جو کرم ہیں
وے بھی پرمیشر ہی کی پراپتی کرانے کے لئے ہیں جیسے سورج
کا پرکاش آبرن رہت اکاش میں بیاپت ہوتا ہے ایسی پرکار
پربرہم بید بھی سوتم پرکاش سروتر بیاپت وان ہو رہا ہے اُس
پدکی پراپتی سے کوئی پراپتی اُتم نہیں ہے اسلئے چاروں وید
اسی کی پراپتی کرانے کے لئے اپدیش کرکے پرورت پاوے ہیں

ہین ایشر کے اُپدیش روپ بیدوں سے - کرم - اُپاسنا
گیان ان تینوں کانڈوں کے انُشٹھان میں اس لوک اور پرلوک
کے بیوہاروں کو پہلوؤں کی سِدّھی اور یتھاوت اُپکار کرنیکے لئے
سب منش ان چاروں پکھوں کے انُشٹھان میں پورشارتھ
کریں یہہ ہی منش دیہہ دھارن کرنیکے پھل میں انہیں سے دوسرا کرم
کانڈ وہ بھی کریا پردھان سے ہی ہوتا ہے اور جو نیا بدّیا ابھیاس اور
گیان کے پورن نہیں ہو سکتا کیونکہ من کا جوگ باہر کی کریا اور بھیتر
کے بیوہار میں سدا بنا رہتا ہے اگرچہ وہ انیک پرکار کا ہے پرنتو
منگلے وہ بھید گنہ میں - پرمارتھ - لوک بیوہار پہلا جو پورشارتھ
روپ گیان انمیں پرمیشر کی استوتی پرارتھنا اُسکی سرشٹی تکمت
ہوسی گنوں کا کیرتن اُپدیش اور شرون کرنا پرارتھنا ارتھات
جن کرکے ایشر سے سہایتا کی اچھا کرنی اُپاسنا ایشر کے سروپ
میں مگن ہوکے اسکی ستت بھاشن آدی انگ کا جھاوت پالن

کرنا دہرم کا سروپ نیارا آچرن ہی نیایُکت آچرن اُسکو کہتے ہیں جو
پکشپات کو چہوڑکے سب پرکار سی سَتّ گرہن اور اَسَتّ کا پریتیاگ
کرکے ہی دہرم کا جوگیان اور انُشٹھان کا تیہاوت کرنا ہی سو
ہی کرم کانڈ کا پردہان بہاگ ہی اور دوسرا یہہ ہی کہ جس سے پورب
اُوکت ارتھ کام اور اُنکو سِدہ ہی کرنیوالے سادہنوں کی پراپتی
ہوتی ہے سو اِس بہید کو اِس پرکار سے جاننا کہ جب موکش
یعنی سب دُکہوں سی چہوٹ کر کیول پرمیشر ہی کی پراپتی کے
لئے دہرم سے یُکت ہوکر سب کرموں کا تیہاوت کرنا ہی اُسکو
نِشکام مارگ کہتے ہیں کیونکہ اِسمیں سنسار کے بہوگوں کی کامنا
نہیں کیجاتی اسی کارن سی اِسکا پہل اکشے ہی اور جسمیں سنسار کے
بہوگوں کی اِچہا سی دہرم یُکت کام کئے جاتے ہیں اُسکو سکام
کہتے ہیں اس سبب سے اُسکا پہل ناشمان ہوتا ہی کیونکہ لوک پرلوک
کے کرموں سی اندریہ بہوگوں کو پراپت ہوکے جنم مرن سی نہیں

چہوٹ سکتا ہے

جگ کرنیکا بیان

اگنی ہوتر سے لیکر اسومیدہ تک جو کرم کانڈ ہے اُس میں چار
پرکار کے دربہوں کا ہوم کرنا ہوتا ہے خوشبودار جو کستوری
کیسر وغیرہ سے شیرینی جو گہی اور شہد وغیرہ مقوی جیسے
گہی دودہ اناج وغیرہ - حافظ صحت جیسے ادویہ وغیرہ ان
چاروں کو اچھی طرح ملاکے آگ میں جو عمدہ طور سے ہوم کیا
جاتا ہے اُن سے بایو اور جل کی شدہی ہوتی ہے اور ہوم سے
سب جگت کو سکہہ ہوتا ہے جو ہوم بہوجن چہادن سمان کلا
کو شلیا جنتر وغیرہ کے لئے کرتے ہیں اُسمیں تو خاص کر تا ہی کو
ہی سکہہ ہوتا ہے مگر جو ہوم جگت کو رشا رتہہ کے لئے کیا جاوے
وہ سارے جگت کو سکہہ پہونچاتا ہے جیسے دال اور ساگ کی دیگچی
میں ایک چمچہ خوشبودار بستوا ور اگنی کا گرم کرکے چہونکنے سے

ساری وال اور ساگ خوشبودار اور روچی دینے والا ہو جاتا
ہو اسیطرح ہوم کی بہانپ سے ساری بایو خوشبودار اور ہلکی ہوکر
میگہہ منڈل میں پہنچکر برکہا پیدا کرتی ہے اسمیں ست پت
برہمن کا بہی پرمان ہو کہ جو ہوم کرنیکے اشیا کو اگنی میں ڈالے
جاتے ہیں اُن سے دہواں اور بہاپ اوتپن ہوتی ہیں۔
رکیونکہ اگنی کا بہی سبہاو ہو کہ پدارتہوں میں پرویش ہوکر انکو
بہن بہن کر دیتا ہو) پہر وہ ہلکے ہوکر بایو کی ساتہہ آکاش میں
چڑہ جاتے ہیں اُنمیں جتنا جل کا انش ہو وہ بہاپ اور جو خشک
ہو وہ پرتہوی کا بہاگ ہو ان دونوں کے سنجوگ کا نام دہوان
ہو جب وے پرمانو میگہہ منڈل میں بایو کے آدہار سے رہتے ہیں
تو وے پرسپر مل کے اور بادل ہوکر مینہ بنکے دہرتی پر برستے
ہیں تب بارش سے اوکہدیوں اوکہدیوں سے اناج اور اناج
سے دہاتو اور دہاتو سے شریر اور شریر سے کرم بنتا ہو۔ جب ہم

سے بایُو جَل اور آکھدسی وغیرہ صاف ہوتی ہیں تب سب جگت کو سُکھ اور ان اشُدہ ہونے سے سب کو دُکھ ہوتا ہے ۔ اِسلئے اُنکی صفائی ضرور کرنی چاہئے سو اُنکی صفائی کرنے میں دو طرح کا پرجتن ہو ۔ ایک تو اِیشر کا کیا ہوا ۔ دوسرا جیو کا ۔ اِیشر کا کیا ہوا یہہ ہے کہ اُسنے اگنی روُپ سورج اور سُوگندھ روُپ پھوُل وغیرہ پدارتھوں کو اُوتپن کیا ہے وہ سورج نرنتر سب جگت کے رسوں کو پورباوکت پرکار سے اوپر کو کھینچا کرتا اور پُشپ آدی کی خوشبو بھی درگندھ کو دور کرتی رہتی ہے مگر چونکہ پرانیوں کے سبب ملنے خوشبو اور بدبو کی جل اور بایُو کو بھی مدہم کر دیتے ہیں اور اُس جل اور بایو کی بَرکھا سے اُوکھدی اَناج بیج اور شریر وغیرہ بھی مدہم گُن والی ہوکر جگت بیچ ۔ بِل ۔ پراکرم ۔ دھیرج اور شُوربیرتا آدی گُنوں کو بھی مدہم کر دیتی ہیں اِسلئے ہوم جگ کے کرنے سے بڑا بھاری

نقصان عاید ہوتا ہی کیونکہ جیسا جسکا کارن ہوتا ہی ویسا ہی اسکا کاریج
بہی ہوتا ہی یہی سبب ہے کہ بسبب تم صفائی پر مانوں کے بایو
اور برشٹی جل کا ناقص ہونا دیکہنے میں آتا ہے سو یہہ دوش ایشر کی
سرشٹی سے نہیں کنتو منشوں کی ہی سرشٹی سے ہوتا ہی اسیواسطے
اسکا نوارن کرنا بہی منشوں کو ہی اُچت ہی کیونکہ سکہ ادیکار
کرنیوالے جگ کو نکرنے سے منشوں کو دوش لگتا ہے جہاں منشوں
آدی کے سمودا ہی ادہک ہوتے ہیں وہاں درگندہ بہی ادہک ہوتا
ہی وہ ایشر کی سرشٹی سے نہیں کنتو منش آدی پرانیوں کی نمت
سے ہی اوتپن ہوتا ہی کیونکہ بہتی گہوڑا آدی کے سمبودای کو
منش لینے ہی سکہ کے لئے اکٹہا کرتے ہیں اس سے ان پشوؤں
سے بہی جو ادہک درگندہ پیدا ہوتا ہے سو منشوں کے ہی سکہہ
کی اچہا سے ہوتا ہی اس سے کیا سدہ ہوا کہ جب بایو اور برشٹی
جل کو بگاڑنیوالا سب درگندہ منشوں ہی کی نمت سے اوتپن

ہوتا ہی تو اُنکا نوارن کرنا بہی اُنکو ہی جوگ ہی۔ کیونکہ جتنے پرانی
ویہہ وہاری جگت میں ہیں اُن میں سی منش ہی اُوتم ہیں اِس
سے وہی ہی اُپکار اور اَن اُپکار کو جاننے کے جوگ ہیں ایشر
نے منش کو شریر میں پرمانو آدی کے سنجوگ وشیش اِس پرکار
رچے ہیں کہ جن سی اُنکو گیان کی ترقی ہوتی ہی اسی کارن سے دھرم
کا انوشٹھان بہی اُنہیں کو کرنا لازم ہی ÷

سوال ۔ کستوری وغیرہ خوشبو دار چیزوں اور ورہبوں کو ملا کر
اگنی میں ڈالنے سی اُنکا نوکش ہوتا ہی پہر جگت سی کسی پرکار کا
اُپکار نہیں ہو سکتا اگر یہہ اُوتم پدارتھہ منشوں کو دئے جاویں
تو جگت ہوم سی بہی زیادہ اُپکار ہو سکتا ہے ÷

جواب ۔ کسی پدارتھہ کا ناش کیول ہوگ ماتر ہوتا ہی یعنی
ورشٹی اور اَورشٹی کا ہی بہید ہے جو چہہ پرکار کے درشن ہیں
دا جنکے یہہ نام ہیں پرتکش ۔ انومان راوشٹان شبد ۔ ا لی ہم

ارتھاپتی سمبھو ۔ ایتہاو ⁘ پرتکش وہ ہی جو آنکھ سے دیکھ
پڑے ⁘ انومان وہ ہی کہ جو چنہ کے دیکھنے سے جانا جاوے جیسے
لگے تیز کو دیکھکر یہہ کہا جاوہی کہ یہہ فلانی فائتر ہے ⁘ اوپمان
وہ ہے کہ جو تُلیہ دہرم کے دیکھنے سے نشچہ کر لیا جاوے جیسے
پرکار کا یہہ دیودت ہی اسی پرکار کا یہہ جگدت ہی ⁘ شبد
پرتکش اور اپرتکش کا نشچہ کرانیوالا ہی جیسے گیان سے موکش
ملتا ہی یہاں آپتوں کے اوپدیش کو شبد پرمان کی ہی مثال
⁘ ارتھاپتی وہ ہی کہ جیسے کسی نے ایک بات کہی جو اُس سے
دوسری بات سمجھی جاوہی جیسے کسی نے کہا کہ بادلوں کے ہونے
پر کھا ہوتی ہی دوسرے نے اتنی بات سے ہی جان لیا کہ
بنا بادلوں کے برکھا نہیں ہوتی ⁘ سمبھو جیسے کسی نے کہا
کہ پتا سے ہی سنتان اُتپن ہوتی ہی دوسرا اسکو مان لیوے
اور کوئی ایسا کہے کہ راون کے بھائی کنبھ کرن کی سو جیہ چار

کوس تک اکاش کے اوپر کثرت سے رہتی ہے یہہ بات جو سمجھی ہی جا سکے و
گی نہ ایسا آؤ جسکا نام و نشان نہیں نہ ہوا نہ ہوگا ان پرمانو سے
ناش کے ارتھ سمجھنے کے لئے یہہ مثال ہے کہ کوئی مٹھی مٹی کے
ڈھیلہ کو جبکہ ہوا میں پھینکدیتے ہیں تو اسکے تمام ویسے چھوٹے چھوٹے ذرے
آنکھ سے نہیں دیکھے جاتے کیونکہ جب انو یعنی ذرات الگ الگ ہو جاتے
ہیں تب وے دیکھنے میں نہیں آتے اسیکا نام ناش ہے اور جب پرمانو
کے سنجوگ سے استہول دربیہ بڑا ہو جاتا ہے تب وہ دیکھنے میں
آتا ہے پرمانو اسکو کہتے ہیں کہ جسکا بھاگ پھر کبھو نہ ہو سکے
مگر اسکا بھی گیان سے بھاگ ہو سکتا ہے ویسے ہی جو خوشبو دار
اشیا راگنی میں ڈالی جاتی ہیں انکے انو یعنی ذرات الگ الگ
ہو کے اکاش میں رہتے ہیں کیونکہ کسی دربیہ کا بستو ناس بھاو
نہیں ہوتا ہے اس سے وہ دربیہ درگندھ آدمی دوشوں کا نوارن
کرنیوالا ضرور ہی ہوتا ہے پھر اس سے بایو برشٹی جل کی شدھی

ہونے سے جگت کا بڑا اُپکار اور سُکھہ بہی ضرور ہوتا ہی اِس
کارن سے جگ کو کرنا ہی چاہیے ؛.

سوال ۔ کیا بایُو کی شُدہی عطر اور پُشپ آدمی کو گہروں میں
رکہنے سے نہیں ہو سکتی جو اِسقدر محنت جگ میں کریں ؛.

جواب ۔ یہہ کام دوسری طرح نہیں ہو سکتا کیونکہ عطر اور
پُشپ آدی کا سُوگندہ تو اُسی دُرگندہ بایو میں ملکر رہتا ہے
وہ خوشبودار پہول اور عطر اُنکی بدبُو کو علیحدہ کو نہ باہر نکال
سکتا ہی اور نہ اوپر چڑہ سکتا ہے جب اگنی اُس بایو کو ہلکا
کرکے وہاں سے نکال دیتی ہے تب ہی وہاں شُدہ بایو قائم
ہو جاتی ہی اِسلیئے اُسکا جتن جگ سے ہی ہو سکتا ہی اور طرح
سے نہیں ہو سکتا کیونکہ جو ہوم کی پرمانو یُکت شُدہ بایو ہے
پورب ستہہ دُرگندہ بایو کو نکال کے اُس پہلی دُرگندہ بایو کو
شُدہ کرکے روگوں کو ناش کرتی ہی ۔ اور منش آدمی سرشٹی

کو اوتم سکھہ دیتی ہے یعنی ہوم سی زیادہ گرمی اور گرمی سی زیادہ
جل اوپر کو چڑھتا ہی اور برکہا ادہک ہو کر شدہ جل اور بایو کے
سبب اناج اور اوکہدیاں اُتپنّت شدہ ہوتی ہیں اور اُن سی
سکھہ بڑھتا ہے یہہ پہل اگنی میں ہوم کرنے کے بغیر دوسری
طرح سی ہونا غیر ممکن ہی ہوم کا کرنا اوتم ہی دوسرا سبب خوشبو کے
ناش نہونیکا یہہ ہی کہ اگر کسی منش لنے دور دیش میں خوشبودار
چیزوں سی اگنی میں ہوم کیا ہووی تو وہ خوشبودار ہوا دور دیش کے
میں رہے منش کو ناک میں پہونچنے سی اُسکو یہہ گیان ہوتا ہی کہ یہاں
خوشبودار بایو ہے اس سے یہہ بات ثابت ہوتی ہی - کہ دربہہ
کے الگ ہونے سی بہی دربہہ کا گن دربہہ کی ساتھہ ہی بنا رہتا ہی
اِسیطرح وہ خوشبودار دربہہ آکاش میں بایو کے ساتھہ بنا ہی
رہتا ہی - سوائے اِسکے ہوم کرنے کے اور بہت فایدہ ہیں جو
بدیاوان لوگ بچار سی جان لیوینگے ؞

سوال - بھلا ہوم کا پریوجن تو ہوگم سے ہوا گر وید منتروں
کے پڑھنے سے کیا مطلب ہے ٭

جواب - جیسے ہاتھ سے ہوم کرتے آنکھ سے دیکھتے اور تجاہ
سے سپرش کرتے ہیں - ویسے ہی زبان سے وید منتروں کو
پڑھتے ہیں کیونکہ انکے پڑھنے سے وید منتروں کی یاد داشت پرمیشر
کی استوتی پرارتھنا اور اوپاسنا ہوتی ہے سب سے زیادہ یہہ
فایدہ ہے کہ ہوم کے فوایدجو اُن منتروں میں لکھے ہوئے
ہیں انکو اوچارن کرنے سے وہ ذہن نشین ہوجاتے ہیں یعنی ہوم
کرنے کا فایدہ اسیوقت معلوم ہوتا جاتا ہے وید منتر کنٹھ یاد
ہوجاتے ہیں اور ایشور کے گنوں کا گیان ہوتا جاتا ہے - کیونکہ
سب کاموں کا شروع کرنا پرمیشر کی اوپاسنا سے ہی کرنا
واجب ہے اسلئے جگ کیوقت بھی اسکی اوپاسنا اور استوتی
کرنی ضرور چاہیے ٭

سوال۔ جگ کیوقت ویدمنتروں کو چھوڑ دوسرے کا پاٹھ کرے تو کیا ہرج ہو؟

جواب۔ ایشر کے بچن سے جو پرلوجن سِدھ ہوتا ہے وہ دوسروں کے بچن سے سِدھ نہیں ہو سکتا کیونکہ ایشر کا بچن بھیرانتی رہت اور سَت ہوتا ہے کیونکہ جہاں سَت دیکھتا ہے اور سُننے میں آتا ہے وہاں وہاں ویدوں میں سے ہی پھیلا ہے جو جو جھوٹھ ہے وہ آدمیوں کی کلپنا سے بنا ہے کیونکہ ست بات ویدوں سے ہی پرگھٹ ہوتی ہے ویدوں میں چار برن چار آشرم بھوت بھوشت اور برتمان آدمی کی سَت بدّیا ویدوں سے ہی پرسِدّہ ہوتی ہے کیونکہ یہہ جو سناتن وید شاستر ہیں سو سب بدّیاؤں کے دان سے سمپورن پرانیوں کا دھارن اور سب سکھوں کی پراپتی کراتا ہے اس کارن سے ہم لوگ اگنہوتر بہتا اُتم مانتے ہیں اور اسیطرح ماننا ہی چاہیے کیونکہ سب جیووں کے لئے

سب سکھوں کا سادھن یہی ہے ۔٭

سوال ۔ کیا جگ کرنے کے لئے پر تھوی کھود بیدی کا بنانا ۔٭ پرنیتا ۔ پروکشنی ۔ اور چمسا ۔ وغیرہ برتنوں کا رکھنا اور جگ شالا کا بنانا ضروری ہے ۔٭

جواب ۔ جو ٹھیک ہے سو سب کرنے جوگ ہے ۔ اگنی تیز ہونے کے لئے اور ہوم کی اشیاء ادہر ادہر بکھرنے سے روکنے کے لئے بیدی ضروری ہے اور سونے چاندی کو برتن اس سبب سے بناتے ہیں کیونکہ نہیں بار بار تھہ بگڑتے نہیں اور کُش وغیرہ واسطے بچاؤ چیونٹی وغیرہ کے رکھتے ہیں اور جگ شالا سے یہہ مراد ہے کہ اگنی میں زیادہ ہوا نہ لگے اور بیدی میں کوئی جانور یا انکی بیٹھ نہ گرے غرضکہ یہہ سب مرجاد اسہولیت اور عمدگی کے لئے کرنی چاہئیں ۔٭

دیوتاؤں کے بیان میں

بیوہار کے دیوتاؤں کی اُپاسنا کبھی نہیں کرنی چاہیے۔ صرف
ایک پرمیشر کی کرنی واجب ہے اُسکا نتیجہ ویدوں میں انیک
پرکار سے کیا ہے کہ ایک اُدوتیہ پرمیشر کے ہی پرکاش دھارن
اور اُتپادن کرنے سے وہ سب بیوہار کے دیوتا پرکاشت ہو
رہے ہیں۔ اُنکا جنم کرم اُنیشر کے سامرتھ سے ہوتا ہے کیونکہ
پرمیشر جس جس میں جتنا دِبیہ گُن رکھتا ہے اُتنا اُتنا ہی اُن
پدارتھوں میں دیوپن ہے زیادہ نہیں اس سے کیا سدھ ہوا
کہ کیول پرمیشر ہی اُن سب کا اُتپادن دھارن اور مکتی کا
داتا ہے ۔۔

۴۳۔ دیوتاؤں کا بیاکھیان

تینتیس ۳۳ دیوتاؤں کی تفصیل

بشو ۸ - رودر ۱۱ - آدیتہ ۱۲ - اندر ۱ - پرجاپتی ۱ ؛

۸ بشو کی تفصیل

اگنی ۱ - پرتھوی ۲ - بایو ۳ - انترکش ۴ - اودیتہ ۵ - دیو لوک ۶ - چندرما ۷ - نچھتر ۸، چونکہ سب پدارتھ انہیں میں بستے ہیں اس سبب سے انکا نام بشو ہے اور یہی سب کے نواس استہان ہیں ؛

۱۱ - رودر کی تفصیل

پران ۱ - اپان ۲ - بیان ۳ - سمان ۴ - اودان ۵ - ناگ ۶ - کورم ۷ - کرکل ۸ - دیودت ۹ - دھننجے ۱۰ - جیو آتما ۱۱ کیونکہ یہہ سب شریر سے نکل جاتے ہیں تب مرن ہونے سے اسکے سب سمبندھی لوگ روتے ہیں وہ نکلتے ہوئے انکو رولاتے ہیں اس سبب سے انکا نام رودر ہے ؛

آدیتہ

بارہ مہینوں کو کہتے ہیں کیونکہ وہ سب پدارتھوں کے انوگرہ

کاگرہن کرتے چلو آئے ہیں اِس سبب سے اُنکا نام آدیتہ ہے؀

اندر

نام بجلی کا ہے کیونکہ وہ اُوتم اَیشرج اور بڈّیا کا بڑا سبب ہے

پرجاپتی

جگت کو کہتے ہیں کیونکہ اُس سے بایُو برشٹی جل کی صفائی کے سبب پرجا کا پالن ہوتا ہے یہہ سب اپنے اپنے وِدیہ گُن کی ہونے سے دیوتا کہلاتے ہیں اور تین دیو۔ اَستھان ؀ نام جنم کو کہتے ہیں اور دو دیو۔ اَنّ ۔ پران کو کہتے ہیں ایک دیو۔ اَدھیر دہ دیو ۔ جس سے سب کا دھارن ہوتا ہے اور جو سبھی جگت میں بھر رہا ہے سوترآتما بایو ہے؀

سوال ۔ کیا یہہ چالیس دیوتشوں کو اُوپاسنا جوگ ہے

جواب ۔ انہیں سے کوئی اُپاسنا جوگ نہیں ہے صرف بیوہار ناتر سِدّھی کے لئے یہہ سب دیو ہیں ۔ سوائے پرمیشر پورن

برہم کے اور کوئی اُوپاسنا جوگ نہیں ہی جو سب کا اِشٹ دیو
جگت کا کرتا سرب شکتیمان سبکو اُوپاسنا جوگ اور سب کا دھارن
کرنیوالا سب میں بیاپک اور سب کا کارن ہی اُسکا آدی انت
نہیں جو ست چت آنند سروپ جسکا جنم کبھو نہیں ہوتا
جو کبھو انیائے نہیں کرتا تیادی لچھنوں سی وید آدی
شاستروں میں اُسکا پرتپادن کیا ہی اُسکو اِشٹ دیو ماننا
چاہئے آریہ لوگ ہمیشہ سے ایک پرمیشر ہی کی اُوپاسنا کرتے
چلے آئے ہیں بعض لوگوں کو یہہ شنکا ہی کہ وید میں جڑ ادر موُرتی
مان وستو کی پوجا لکھی ہی یہہ اُنکی بھول ہی یہہ بات اِسطرح
ہی کہ جتنا جتنا جس وستو میں دیہہ گُن گرُن کیا ہی اُتنا اُتنا اُنسی اُوپکار
لینا یہہ ایک قسم کا اُوپکار ستکار رپا پوجا ہی مثلاً آنکھہ
میں دیکھنی کا سامرتھہ رکھا ہی اور دیکھنے کا اُپکار اُوپکار
کے لئے ہی یہہ دیوین اُنمیں ماننا اُسکا ستکار رپا پوجا

کہلاوے گا جو دوسرے کا ستکار یہہ آچرن ارتھات اُس کے انکول کام کرنا اُسی کا نام پوجا ہے سو سب منشوں کو کرنی اوچت ہے اسیطرح اگنی وغیرہ جڑ پدارتھوں میں جتنا جتنا اتہہ کا پرکاش یعنی وہہ گن ہے ستہ ہی اور اوپکار لینے کا مطلب ہے اُتنا اُتنا اُنہیں دیوین ماننے سے کچھہ بھی ہانی نہیں ہوتی کیونکہ ویدوں کی رو سے جہاں اوپاسنا کا بیوہار لیا جاتا ہے۔ وہاں دو تہان ایک ادویتیہ پرمیشر کا ہی گرہن کیا ہے ۔!۔

پانچ دیو کی پوجا کی بحث میں

منجملہ ان پوتھاؤں کے چار دیوتا یعنی ماتا[1]۔ پتا[2]۔ اچارج[3] آتیتھ۔ یہہ چاروں مورتی مان دیوتا ہیں، اور پانچواں امورتی مان پرمیشر ہے اُسکی کسیطرح کی مورتی نہیں ہے اس سبب سے پانچ دیو کی پوجا میں دو طرح کا بھید جاننا واجب ہے یہہ

سب دیو جو اوپر بیان ہوئے دونوں ہیو ہا داوپر پرمارتھ کرتے
میں کام آتے ہیں پرنتو سب منشوں کو اُوپاسنا کرنے کے
جوگ ایک پرمیشر ہی دیو ہی اور آج لوگ سرشٹی کے
آرنبھ سے آجتک آندر - برن - اگنی - آدی ناموں سے
بموجب وید کے ایک ادوتیہ پرمیشر ہی کی اُوپاسنا کرتے
چلے آئے ہیں یہہ جتنے نام ہیں پرمیشر کے صفاتی نام ہیں
اِن سے جڑ اور ہورو تی مان لیتوں کی اُوپاسنا کسیطرح ٹھیک
نہیں ہے بلکہ پرمیشر کے ایک صفاتی ناموں سے اُسی کی
اُوپاسنا کا تاتپرج ہے ⁂

ویدوں کے چھند اور منتر اور سمرتی کے ارتھ کیا ہیں

بچارنا چاہیے کہ ویدوں کے یتھا وت ارتھ کے جانے بنا کسی
منش کو بھلے سے ساجش کرنا لازم نہیں ہے - وید میں جتنے پد اور

بشتر میں وہی سب سمپورن ست بدّیاؤں کے پرکاش کرنے
والے ہیں جبتک ستّ پرمان سوترک ویدوں کے شبدوں
کا بچار یا پد پرکرنوں بیاکرن آدی ویدانگوں ست پت آدی
برہمنوں اور پورب میمانسا آدی شاستروں کا یتھاوت
بودھ نہو اور پرمیشور کا انکو گیان اور تم بدّیاوانوں کی شکشا انکو سنگ لگے تب تک
چھوٹی کی استماکی شردّھا بھی نہو جبتک ویدونکا ارتھ کا یتھاوت پرکاش منش کے
ہردے میں نہیں ہو سکتا اسلئے سب آپ بدّیاوانوں کا سدھانت ہے کہ پرتیک منش
آدی پربانوں سے یوکت جو ترک ہے ان سے بھی منشوں کے لئے پریکشا ہے اس سے یہہ سدھ
ہوتا ہے کہ جو سائنیا چاہیے اور وہی مہرشی غیرہ آپت بدھی لوگوں نے جو جو ہند بیاکھیانوں
کو دیکھ کے اجکل کے آریہ ورت پورب دیش کو بھی لوگ جو ویدونکو اور اپنی اپنی
بدھی کی بھاشاؤں میں بیاکھیان کر رہے ہیں وہی ٹھیک نہیں ہیں
اور اُن ارتھ یوکت بیاکھیانوں کے ماننے سے منشوں کو اتینت
دوکھ پراپت ہوتا ہے اسیواسطے بدّیاوانوں کو انکا پڑھنا پڑھانا ٹھیک ٹھیک نہیں

ہے چھند اور منتر یہہ دونوں شبد سنگھتا بھاگ کے نام ہیں ایسے ہی نگم اور شرتی بھی
ویدوں کے نام ہیں بیدوں کا نام چھند اسلئے رکھا گیا ہے کہ یہہ منشوں کو منتر برہان اور
ست بدیاؤں سے پری پورن ہیں اور شرتی اسلئے کہتے ہیں کہ انکے پڑھنے
ابہیاس کرنے اور سننے سے سب ست بدیاؤں کو منش لوگ جان سکتے ہیں۔ اسلئے چھند
منتر نگم شرتی یہہ چاروں نام رتہہ کی بابت میں ایسے ہی اشٹادھیائی
ویاکرن میں بھی شبد منتر اور نگم یہہ تینوں نام ویدوں ہی کے ہیں اور نہیں
یہہ نہیں ہے

اتہاس وید سنگھتا بچار

سوال۔ وید کن کا نام ہے

جواب۔ منتر سنگھتاؤں کا

سوال۔ کاتیاین نے تو برہمن گرنتھوں کو بھی وید کہا ہے

جواب۔ برہمن گرنتھ وید نہیں ہو سکتے انکا نام اتہاس پوران کلپ گاتھا
اور نارا شنسی بھی ہے وے ایشور وکت نہیں ہیں منش کرت ہیں سوائے

کلپتیاین اور سنستاسی انکو وید ہونیکی شاکشی نہیں تہی اور منتر سنگتاؤں
کا وید نام سلنی ہے کہ اگستر جیت اور بیستہ یاؤں کا مول ہیں ٭

سوال ۔ برہمن اور سوتر گرنتھوں میں اتہیاس پوران کلپ گاتہا نارا شنسی
اتیادی کا تحریک ہنتی میں آتے ہیں اور اتہر وید میں بہی اتہیاس پوران
آدی ناموں کا لیکہہ ہے اس ہیتو سی برہمن گرنتھوں سی سوائی برہم ہی
وید تہ سرتی منت بہاگوت مہابہارت آدی کو اتہیاس پوران دی
کے ناموں سی کیوں نہیں مانتی ہو ٭

جواب ۔ انکو گرہن میں کوئی بہی پرمان نہیں ہی کیونکہ انہیں
منتوں کی پرتیتر پرورہ اور لڑائی آدی کی کتہا ہمیشہ ہو متہا کتہا اپنی اپنی سمے کے
انوسار لوگوں نی لکہہ رکہی ہیں پس سو اتہیاس اور پوران آدی ناموں سے
انکا گرہن نا کشی منش کو اچیت نہیں کیونکہ برہمن گرنتھوں میں تو سنت
کتہاؤں کا نام اتہیاس جگت اوتپتی کی برنن کا نام پوران اور سدر بہون کے
ناٹ سہنتہ کی کتہن کا نام کلپ اور ستیہ برہمن میں بہاگو لکہ جیسی گاتہا سنگی

بہتر یہ آدمی کی کتہاؤں کا نام گاتہا ہی اور جنہیں منش لوگوں نے اپنے دہرم
یا ارتہہ بدیاؤں کو پرسنسا کی ہو اُنکا نام نراشنسی ہی ٭

تین پرکار کے بچن کا برنن

لوک میں تین پرکار کے بچن ہوتے ہیں لیکن برہمن گرنتھوں میں بہی ہیں اسی
کارن سے یہ پرمانگ ہیں + ایک بچن بدہی باکیہ ہی جیسے سکہہ کے
لئے دیودت گانو کو جانے یا جسکو سکہہ کی اچھا ہو وہ اگنی ہوتر کرے + دویم
ارتہہ باد ہے جو چار پرکار کا ہوتا ہی ٭
استوتی یعنی پدارتہوں کے گنوں کا پرکاش کرنا + نندا اپرگنوں
میں دوشوں کو دکہلانا پرکرتی جیسے اُس پاپی چور نے بڑا کام کیا اسکو ڈنڈ ملا
اور سادہو کارنے اچہا کام کیا اسکی پرشنسا اور استُتی ہوئی + پورا کلپ جو بات
پہلے ہو چکی ہو اسکو برنن کرنا جیسے جنک کی سبہا میں یاگولکیہ کا رگی وغیرہ نے
اکٹہی ہو کر سنباد کیا ٭
تیسرا بچن انوباد جسکا پر بیدہان کئے کو ہی کا سمرن اور کتہن کرنا سو

۔ وہ پرکار کا ہے ایک شبد کا دوسرا ارتھ ہے کا جیسے وہ بدیا کو پڑہے۔ یہہ شبد
انوباد ہے بدیا پڑہنے سے ہی گیان ہوتا ہے اسکو ارتھ انوباد کہتے ہیں جیسکی
پرتگیا ہیتو۔ اُدواہرن اور اوپنین ہو نگمن اسی میں ہو جیسے پرمیشر
رنت ہے یہہ پرتگیا ہے بناش رہت ہے یہہ ہیتو ہے اکاش کی سمان ہے یہہ اُدوا
ہرن ہے جیسے کاش ہے ویسا پرمیشر بھی ہے یہہ اُپنین ہے اِن چاروں کا
کرم سے اوچارن کر کے پکش میں تتھاوت پوجنا کرنیکو نگمن کہتے ہیں۔ یعنی
جس شبد اور ارتھ کا دوسری بار اُچارن ور بچار ہو اسکو انوباد کہتے ہیں
سو برہمن گرنتھوں میں جیسا لکھا ہے اس ہیتو سے بھی برہمن پستکوں
کا نام اِتہاس آدی جاننا چاہیے کیونکہ انہیں اتہاس پوران کلپ گاتہا
اور ناراشنسی یہہ پانچ پرکار کی کتہا سب ٹہیک ٹہیک لکہی ہیں پرنتو برہمن
گرنتھوں کو ویدوں میں پرمان نہیں ہو سکتے

سوال۔ برہمن گرنتھوں کا بھی ویدوں کے سمان پرمان کرنا اُچت ہے یا نہیں
جواب۔ برہمن گرنتھوں کا پرمان ویدوں کی تولیہ تو نہیں ہو سکتا کیونکہ

ویہ ایشور کرت نہیں ہیں پرنتو ویدوں کو انکول ہونیسے پرمان کئے ہوئے ہیں ٭

اتہہ برہم بدیا بچہہ

سوال۔ ویدوں میں سب بدیا ہیں یا نہیں ٭

جواب۔ سب ہیں جتنی ست بدیا سنسار میں ہیں وہ سب ویدوں سے ہی نکلی ہیں انمیں سے پہلی برہم بدیا ہے جسمیں ایشور کی سب جگت کا بنانیوالا اور چیتن اور جڑ ان دونوں پرکار کے سنسار کا جو راجہ اور پالن کرنیوالا ہے جو مکتوں کو پرم ودیا آنند سے ترپت کرنیوالا ہے ہم لوگ اپنی رکشا کے لئے پرارتھنا کرتے ہیں کیونکہ وہ ہمکو سب سکھوں سے سنتشٹ کرنیوالا ہے پرمیشر جیسے آپ اپنی کرپا سے ہمارے سب پدارتھوں کو بڑھانیوالے ہیں ویسے ہی سب کی رکشا بھی کریں جیسے آپ ہمارے رکشک ہیں ویسے ہی سکھ بھی دیجئے جو پرمیشر اکاش آدی تتوں میں تھا سو ہم آدمی سب لوگوں میں بیاپت ہو رہا ہے اسی پرکار سے جو پورب آدی دشا اور اگنی آدی اپ دشاؤں میں بھی بھرپور ہو رہا ہے یعنی جسکی بیاپکتا سے ایک تو بھی خالی نہیں ہے اور جو اپنے ہی سامرتھ کا آستھا ہے اور جو کلپ آدی پر

سرشٹی کی اُتپتی کرنیوالا ہے وہ سرب آنند سروپ پرمیشر کو جو جیو آتما اپنے من سے یتہاوت جانتا
ہے وہی اُسکو پراپت ہوتے ہیں وہ سدا موکش سُکھ کو بھوگتا ہے پرہم جو سب سے بڑا سب کا
پتی سب لوگوں کے بیچ میں براجمان اور اوپاسنا جوگ ہے اور جو گیان آدی گنوں میں
سب سے بڑا اور آکاش کا بھی دہارا اور جگت کی پیدا کرنیوالا ہے جو بھی نرلکار رہنیوالا
ہے اور جسکی آشریہ سے ۳۳ دیوتا ٹہر رہے ہیں جیسے کہ پرتہوی سے برکش کا پرتہم انکر
نکل کر اور بہت ستہول ہوتے ہیں ویسے ہی الیوا انکا آدہار ہوتا ہے اسی پرکار سب برہمانڈ کا آدہار
وہی ایک پرمیشر ہے وہی سدا سے سب جگت میں پوری پورن ہو رہا تہا وہی
سب لوگوں کو ٹہیک ٹہیک اپنے سامرتہہ سے دہارن کر رہا ہے وہ اپنے کام میں کسیکا سہایتا نہیں لیتا ہے وہ
سب پرانیوں کو جنہیں اپنی پرجا تہا کر سامرتہہ میں اُتپن کیا ہے سب لوک لوکانتر پرتہوی آدی
لوکوں کا ٹہیک رچنیوالا اور ویدوں کا اُپدیشک اُسکو سامرتہہ میں لیے ہوئے ہے ہمیں اُسکی بندنا کرتے ہیں ۔

संगच्छध्वं संवदध्वं सं वो मनांसि जानताम् ॥
देवा भागं यथा पूर्वे संजानाना उपासते ॥

اب ہندوؤں کی ست دہرم کی لکشنوں کا برنن کیا جاتا ہے

دیکھو پرمیشور ہم سبھوں کے لئے وید دھرم کا اوپدیش کرتا ہے کہ منش لوگو جو پکش پات رہت
نیائے ستیہ بھاشن آدی سے یکت دھرم ہے تم لوگ اُسی کو گرہن کرو اُس سے وپریت
کبھی مت چلو کیونکی یہ ایتی کو لیئے ہوئے بردوہ کو چھوڑکے پرسپر سمتی میں ہو جس سے تمہارا
اوتم سکھ سب دن بڑھتا جاوے اور کسی بیکار سکا دوکھ نہ ہو تم لوگ بردوہ باد
کو چھوڑکر پرسپر ارتھات آپس میں پریت کے ساتھ پڑھنا پڑھانا پرشن اُتر سہت
سنباد کرو جس سے تمہاری ستیہ بدیا نت بڑھتی رہے تم لوگ اپنے جتھارتھ
گیان کو نت بڑھاتے رہو جس سے تمہارا من پرکاش یکت ہو کر پُرشارتھ
کو نت بڑھاوے جس سے تم لوگ گیانی ہو کر نت آنند میں بنے رہو اور تم لوگوں
کو دھرم کا ہی سیون کرنا چاہیے ادھرم کا نہیں جیسے پکش پات رہت دھرم
اتھا بدیا وان لوگ دویدویت سے دھرم کا آچرن کرتے ہیں اُسی پرکار سے
تم بھی کرو کیونکہ دھرم کا گیان تین پرکار سے ہوتا ہے ایک تو دھرم
آتما بدیاوانوں کی شکشا دوسرا آتما کی شدھی تتھا ستیہ کو
جاننے کی اچھا تیسرا پرمیشر کی کہی وید بدیا کو جاننے سے ہی

सन्दर्भ पुस्तकालय
पु. परिग्रहण क्रमांक 7860

منشوں کو ست است کا جتہاوت بووہ ہوتا ہے۔ دوسری طرح

نہیں ॥ ३ ॥

सुमा नोमन्त्रः समितिः समानी संमानं मनः
सहचित्तमेषाम्॥ समानं मन्त्रं मुभिमंन्त्रयेवः
समानेनं वो हविषांजुहोमि ॥

ہے منش لوگو جو تمہارا منترا رتہات ست است کا بچار ہے۔ وہ
سمان ہو اُس میں کسی پر کار کا بر وہ نہو اور جب جب تم لوگ
مل کر بچار کرو تب تب سب سجنوں کو الگ الگ سُن کر جو جو دہرم
یوکت اور جنہیں سب کا ہت ہو سو سو سب میں سے الگ کر کے
اُسی کا پرچار کرو جس سے تم سب ہوں کا برابر سکھہ بڑہتا رہے اور
جنہیں سب منشوں کو مان گیان بنیا ابہیاس برہم اشٹیج آدی
آشرم اچھے اچھے کام او تم منشوں کی سہائے اور راج پربندہ
کا پتہاوت کرنا پراپت ہو اور جس سے بدبتی۔ شتر تر۔ ق۔ یترا کرم

آدمی گن بڑہیں تتہاپرکارتہہ اور ہیوٹارستہ ہوں ایسی جو تم
مرتنادہ اوردہوہی تم لوگوں کی ایک ہی پرکا نہ کری۔ دہشتی تمہارے
سب پرارشٹ کام ستہ ہو دشتہ جاویں۔ ہی منش لوگو تمہارا
من بہی آبہیں پرودہ رت ارتہات سب پرانیوں کے
دوکہہ کمی ناش اور سکہہ کی پرتی کے لئے اپنے آتما کے سم
تولیہ پورشا رتہہ والاہو شبہہ گنوں کی پراپتی کی اچہا کو
سنکلپ اور دشٹ گنوں کی اچہا کو وکلپ کہتے ہیں جس سے
جیو آتما یہہ دونو کرم کرتا ہی اسکا نام من ہی اُس سے ستدا
پُرشارتہہ کرو جس سی تمہارا دہرم دیرگہ ور ویرودہ ہو تتہا
چیت جسکو کہتے ہیں جس سے ارتہوں کا سمرن ارتہات یوپ بایر
کرموں کا تہاوت بچار ہو وہ بہی تمہارا ایک ہو
جو تمہارا من اور چیت ہی یہہ دونوں منشوں کو بہی سکہہ کے
لئے پرجتن میں رہیں ایسی پرکار سی جو منش سب کہا اوپکار

کرنے اور سکھہ دینے والے ہیں میں انہیں پر سدا کرپا کرتا ہوں ار تہارت میں انکے لئے اشیرباد اور اگیا دیتا ہوں سب منش میری اگیا کے انکول چلیں جس سے انکا ست و برم بڑھے اور است کا ناش ہو۔ ہے منش لوگو جب جب کوئی ایدیش کسیکو دیا جا ہو رتہو اکسی سے گرہن کیا جا ہو تب تب و برم سے یوکت ہی کرو اس سے برودہ ہو مار کو ست کرو یہ بات نشچے کرکے جان لوکہ میں ست کو ساتھہ تمہارا اور تمہاری ساتھہ ست کا سنجوگ کرتا ہوں اسلئے تم لوگ اسیکہ و برم مان کے سدا کرتے رہو اس سے برودہ و برم کو کبھی مت مانو۔

समानीव आकूतिः समाना हृदयानि वः ॥ समानमस्तु वो मनो यथा वः सुसहासति ॥ ऋ० अ० ८ अ० ८ व ४९ मं ४॥

ہے منش لوگو تمہارا اچھا شامرتھہ ہو اسکو و برم کے ساتھہ ملا کر

سب سُکھوں کو سب دن پرٹھمتے رہو نشچہ اُوتساہ اور ویرماشماؤں
کے آچرن کو (आकृति) کہتے ہیں۔ ہے مُنش لوگو تمہارا سب
پُورُشارتھہ سب جیووں کے سُکھہ کے لئے سدا ہو جس سے
کبھو ہوئے وبرم کا کبھو تیاگ نہو سدا ایسی ہی پرجتن کرتے رہو۔
جس سے تمہارے پردیہ ارتھات من کے سب بیوہار آلسیہ میں
سُندا پریم سہت اور پرُودہ سے الگ رہیں من شبد کا ایک
بار گرہن کرنے میں یہہ پرُیوجن ہے کہ جس سے من کے ایک اگر تہہ
جانے جاویں پرتہم سچار ہی کر کے سب اوتم بیوہاروں کا آچرن
کرنا اور برُوں کو چھوڑ دینا اُسکا نام کام ہے جو سُکھہ اور بدیا آدی
شبھہ گنوں کو پراپت ہونے کے لئے پرجتن سے، تتپشچات پُورُشارتھہ
کرنیکی اچھا ہو اُنکو سنکلپ کہتے ہیں۔ جو جو کام کرنا ہو اُس اُسکو
پرتہم نشچہ کر کے ٹھیک ٹھیک نشچہ کرنے کے لئے جو شبد بید کرنا
ہے اُسکا نام وِتکا ہے (श्रद्धा) جو اُپیشر اور ستیہ دھرم

آدمی جس شبھ گنوں میں نشچے سے بدھ واس کو استھر رکھتا ہے اُس کو
شردھا کہتے ہیں ا (अश्रद्धा) ارتھات آودیا کو ترک بڑے
کام کرنے ایشور کو نہیں مانتے اور انیائے آدمی شبھ گنوں سے
سب پرکار الگ رہنے کا نام اشردھا ہے ا (धृति) جو سکھ
ہانی لابھ آدمی کے ہونے میں بھی اپنے دھیرج کو نہیں چھوڑتا
اسکا نام دھرتی ہے۔ برے کاموں میں ورت ہونیکو ادھرتی کہتے
ہیں ا (ह्री:) ارتھات جو الٹے آچرن کرنے سے
منکو لجت کرتا اسکو ہری یہہ کہتے ہیں ا (धी:) جو سریشٹ
گنوں اور ایشور دھارن کرنے والی برتی ہے اسکو دھی کہتے ہیں
ا (भी:) ہنو ایشور کی آگیا ارتھات ست آچرن دھرم کرنا
اور اس سے الٹے پاپ کے آچرن سے نت ڈرتے رہنا۔ کیونکہ
ایشور ہمارے سب کاموں کو سب پرکار دیکھتا ہے یہہ جانکر اس سے
سدا ڈرنا اور یہہ سمجھنا کہ جو میں پاپ کرونگا تو ایشور مجھ پر رانفر

ہوکا اتیا دیہی گن والی لستووں کا نام ستی ہے جسکو سب پرکار
سے سب کو سکھ کے لئے یوکت کرو ۔

ہے منش لوگو جس پرکار پوربوکت دہرم سیوں سے تم
لوگوں کو اوتم سکھوں کی پراپتی ہو اور جس سرشٹ سبہاو سے
آپس میں ایک سے دوسرے کو سکھ بڑھے ایسا کام سب دن
کرتے رہو کہ سیکو دکھی دیکھ کر من میں سکھ مت مانو سبکو
سکھی کرکے اپنے آتما کو سکھی مانو ایسا جتن ہمیشہ کرتے رہو ۔

अग्ने व्रतपते व्रतं चरिष्यामि तच्छकेयं तन्मे
राध्यताम. इदम हमनृतात्सत्य मुपैमि ॥
॥ ६ ॥ य० अ० १ मं० ५ ॥

اس منتر کا ابھپرائے یہہ ہے کہ سب منش ایشور کے سہائے کی
اچھا کریں سبسے ست بیوہار میں جس ست دہرم کا انوشٹھان
کیا چاہتا ہوں اسکی سدھی آپکی کرپا سے ہی ہو سکتی ہے جو لوگ

ست کو آچرن روپ برت کو کرتے ہیں وہ دیو کہلاتے ہیں - جو
اَسَت کا آچرن کرتے ہیں اُنکو منش کہتے ہیں اسلیے میں اس سَت برت
کا آچرن کیا چاہتا ہوں مجھپر آپ ایسی کرپا کیجیے کہ جس میں ست دہرم
کا انوشٹھان پورا کرسکوں سب اَسَت کاموں سے چھوٹ کے ست
کے آچرن کرنے میں سدا درڑھ رہوں ایشر نے منشوں میں
جتنا سامرتھیہ رکھا ہے اتنا پورشارتھیہ اوشیہ کریں اُس کے
اوپرانت ایشر کے سہائے کی اچھا کرنی چاہیے کیونکہ منشوں
میں سامرتھیہ رکھنے کا ایشر کا یہی پریوجن ہے کہ منش کو اپنے
پورشارتھیہ سے ہی ست کا آچرن اوشیہ کرنا چاہیے جیسے کوئی
منش آنکھ والے پورش کو ہی کسی چیز کو دکھلا سکتا ہے اس
ریت سے جو منش ست بھاؤ پورشارتھیہ سے دہرم کو کیا چاہتا
ہے اسپر ایشر بھی کرپا کرتا ہے کیونکہ ایشر نے دہرم کرنے کے لئے
بدھی آدی بڑھانے کے سادھن جیو کے ساتھ رکھے ہیں جب

